☆☆

Roll No.______________ اُمیدوار خود پُر کرے

**(For all sessions)**

| Paper Code | 6 | 0 | 2 | 3 |
|---|---|---|---|---|

# اُردو لازمی (معروضی) — گروپ-I

وقت: 30 منٹ — نمبر: 20

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، B، C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1-1. پیاز کس بھاؤ بک ____ ہے:
(A) رہا (B) رہی (C) رہے (D) رہو

2. میں نے گھوڑا گاڑی ____
(A) خریدے (B) خریدی (C) خریدا (D) خرید کرنا

3. صابن سے میل اُتر ____:
(A) گیا (B) گئی (C) گئے (D) جائے

4. دس روپے ____ گوند لا دو:
(A) کا (B) کی (C) کو (D) کے

5. اس نے گھر میں جھاڑو ____:
(A) دیا (B) دی (C) دو (D) دے

6. سبق "اسوہ حسنہ" کے مصنف ہیں:
(A) الطاف حسین حالی (B) شبلی نعمانی (C) سید سلیمان ندوی (D) سرسید احمد خان

7. سچی ترقی کی بنیاد ہے:
(A) افکار عالیہ (B) مالی آسودگی (C) ترقی کی خواہش (D) اپنی مدد آپ کا جذبہ

8. ابوالقاسم زہراوی پیدا ہوئے:
(A) 930ء میں (B) 936ء میں (C) 946ء میں (D) 950ء میں

9. سکینہ کے پاس کتنی رقم باقی تھی؟
(A) ایک روپیا (B) دو روپے (C) ایک چونی (D) ایک آنہ

10. لاہور میں آب رسانی کا منصوبہ کس نے بنایا تھا؟
(A) شیر شاہ سوری نے (B) نظام سقہ نے (C) مغل بادشاہوں نے (D) انگریزوں نے

11. مطلع کے لغوی معنی ہیں:
(A) ابتداء (B) طلوع ہونے کی جگہ (C) غروب ہونے کی جگہ (D) انتہا

12. اصطلاح میں کون سا شعر غزل کا مقطع ہوتا ہے؟
(A) پہلا (B) آخری (C) دوسرا (D) آخری سے پہلا

13. جس غزل میں ردیف ہو اُسے کہتے ہیں:
(A) مردف (B) غیر مردف (C) بلا ردیف (D) ہم قافیہ

14. مطلع کے دونوں مصرعوں کے ہم قافیہ ہونے کے علاوہ کیا شرط لازم ہے؟
(A) دونوں مصرعے ہم ردیف (B) تخلص (C) ہم ردیف و ہم قافیہ (D) غزل کا پہلا شعر

15. اثر اس کو ذرا نہیں ہوتا — رنج راحت فزا نہیں ہوتا، اس شعر میں قافیہ کیا ہے؟
(A) ذرا، فزا (B) نہیں (C) نہیں ہوتا (D) ذرا نہیں ہوتا

16. تلمیح کے لفظی معنی ہیں:
(A) اشارہ کرنا (B) ادھار دینا (C) مانند قرار دینا (D) ہم شکل

17. ہستی اپنی حباب کی سی ہے — یہ نمائش سراب کی سی ہے، اس شعر میں کون سی اصطلاح استعمال ہوئی ہے؟
(A) استعارہ (B) تشبیہ (C) تلمیح (D) محاورہ

18. کسی شعر یا نثر میں "محمود و ایاز" کا ذکر ہو تو وہ ادبی اصطلاح میں کیا ہے؟
(A) تشبیہ (B) استعارہ (C) محاورہ (D) تلمیح

19. کون سے ارکان طرفین استعارہ کہلاتے ہیں؟
(A) مستعار لہ اور وجہ جامع (B) وجہ جامع اور مستعار منہ (C) مستعار لہ اور مستعار منہ (D) مستعار اور وجہ جامع

20. استعارہ کے ارکان کی تعداد ہوتی ہے:
(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

Roll No.______________ اُمیدوار خود پُر کرے

**(For all sessions)**

| Subject Code | 6 | 0 | 0 | 2 |
|---|---|---|---|---|

## اُردو لازمی (انشائیہ)

## گروپ-I

وقت: 2:30 گھنٹے

**حصہ اوّل**

نمبر: 80

**2. (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔** 10=1+1+4+4

گھٹاؤں کی نیلی فام پریاں، افق پہ دھومیں مچا رہی ہیں
ہواؤں میں تھرتھرا رہی ہیں، فضاؤں کو گدگدا رہی ہیں
چمن شگفتہ، دمن شگفتہ، گلاب خنداں، سمن شگفتہ
بنفشہ و نسترن شگفتہ ہیں پتیاں مسکرا رہی ہیں

**(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔** 10=1+(3x3)

یہ آرزو تھی، تجھے گل کے روبرو کرتے
ہم اور بلبل بے تاب گفتگو کرتے
پیام بر نہ میسّر ہوا تو خوب ہوا
زبانِ غیر سے کیا شرح آرزو کرتے
مری طرح مہ و مہر بھی ہیں آوارہ
کسی حبیب کی، یہ بھی ہیں جستجو کرتے

**حصہ دوم**

**3. سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔** 15=1+1+10+3

(الف) ''ہر شخص کے دل میں اعزاز و احترام کی بھوک ہوتی ہے۔ تم پوچھو گی یہ بھوک کیوں ہوتی ہے؟ اس لیئے کہ یہ ہماری روح کے ارتقا کی ایک منزل ہے۔ ہم اس عظیم الشان طاقت کا لطیف حصہ ہیں جو ساری دنیا میں حاضر وناظر ہے۔ جزو میں کل کی خوبیاں ہونا لازمی امر ہے۔ اس لیئے جاہ و رفعت علم و فضل کی جانب ہمارا فطری میلان ہے۔ میں اس ہوس کو معیوب نہیں سمجھتا۔ ہاں! چونکہ دل میں ضعف ہے۔ اہل دنیا کی حرف گیریوں کا خیال قدم قدم پر دامن گیر ہو جاتا ہے۔''

(ب) ''کپڑے تو میں نے بدل رکھے تھے البتہ میں اپنے تیور بدلنے کی کوشش کرنے لگا۔ پھر اچانک خیال آیا کتنا چھوٹا آدمی ہوں دو پیسے یا دو روپے یا چلو دو لاکھ کی بھی بات نہیں۔ دو آنکھوں کی بات ہے اور میں جھوٹ بولے جا رہا ہوں۔ مجھے فیکے کے سامنے اعتراف کر لینا چاہیئے کہ تمھارے لیئے کچھ نہیں کر سکا، پھر میں نے وہ فقرے سوچے جو مجھے فیکے کے سامنے اس انداز سے ادا کرنے تھے کہ اسے سچی بات بھی معلوم ہو جائے اور اُسے دکھ بھی نہ ہو''۔

**4. درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیئے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔** 10=1+9

چراغ کی لَو یا اوورکوٹ۔

**5. حفیظ جالندھری کی نظم ''ہلال استقلال'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔** 05

**6. دو دوستوں کے درمیان دہشت گردی کے موضوع پر مکالمہ لکھیئے۔ یا کالج میں منعقدہ ''یومِ اقبال'' کی روداد لکھیئے۔** 10

**7. اپنے کالج کے پرنسپل صاحب/صاحبہ کے نام ''فیس معافی'' کیلئے درخواست لکھیئے۔** 10

**8. درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے۔** 10=2+8

مشرق نے ازمنۂ قدیم ہی سے سنیاس، مردم بیزاری اور رہبانیت کو حصولِ منزل کا ایک ذریعہ تصور کیا ہے مگر اقبال نے اصل فقیر اسے کہا ہے جس کا سفینہ ہمیشہ طوفانی ہو اور جو زندگی سے متصادم ہو کر اپنے لیئے ایک ایسی راہ تراشے جو بالآخر خودی کی عریانی پر منتج ہو، مگر اس سفر کیلئے قوت درکار ہے اور اقبال کے نزدیک عشق ہی وہ فعال اور متحرک قوت ہے جو اسے منزل تک پہنچا سکتی ہے۔

☆☆

Roll No.________ اُمیدوار خود پُر کرے

(For all sessions)

| Paper Code | 6 | 0 | 2 | 4 |
|---|---|---|---|---|

# اُردو لازمی (معروضی) گروپ-II

وقت:30 منٹ — نمبر:20

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، B، C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1-1. سو روپے ____ زعفران لاؤ:
(A) کا (B) کی (C) کے (D) کو

2. دس روپے ____ دہی لیتے آنا:
(A) کی (B) کے (C) کو (D) کا

3. پیاز کس بھاؤ بک ____ ہے:
(A) رہا (B) رہی (C) رہے (D) رہو

4. یہ راہ کہاں ختم ہو ____؟
(A) گا (B) گے (C) گی (D) گئے

5. دوا کھانے سے قبض ____:
(A) جاتا رہا (B) جاتے رہے (C) جاتی رہی (D) جاتی ہے

6. وہ تمام امور جو ہمارے افعالِ جسمانی سے تعلق رکھتے ہیں کیلئے کس چیز کی ضرورت ہے؟
(A) نصیحتوں کی (B) عملی نمونے کی (C) تعاون کی (D) خوراک کی

7. سرسید کے خیال میں کون سی چیز انسان کی زندگی کو درست اور علم کو باعمل بناتی ہے۔
(A) تجربہ (B) مشاہدہ (C) تجزیہ (D) آزمائش

8. سرسید احمد خان نے ''خطباتِ احمدیہ'' کہاں لکھی تھی:
(A) چین میں (B) جاپان میں (C) سعودی عرب میں (D) ولایت میں

9. عبدالرحمٰن الناصر کے عہدِ حکومت میں قرطبہ میں کتنی مساجد تھیں:
(A) تین ہزار پانچ سو (B) تین ہزار سات سو (C) تین ہزار آٹھ سو (D) تین ہزار نو سو

10. ادیب اور شاعر کو قمر نے کس کے مشابہ قرار دیا ہے:
(A) باغ سے (B) جنگل سے (C) صحرا سے (D) چراغ سے

11. تلمیح کی نشاندہی کریں۔
(A) آبِ حیات (B) موتیوں جیسے دانت (C) میرا چاند (D) پھول اور کانٹے

12. وہ مشترک صفت جو مستعارلہٗ اور مستعارمنہٗ میں پائی جائے، کہلاتی ہے:
(A) استعارہ (B) وجہ شبہ (C) حرفِ تشبیہ (D) وجہ جامع

13. ارکانِ تشبیہ کتنے ہیں؟
(A) پانچ (B) چار (C) تین (D) دو

14. مشبہ کسے کہتے ہیں؟
(A) وہ شے جس سے تشبیہ دی جائے (B) وہ شے جس کو تشبیہ دی جائے (C) وہ جملہ جس میں وجہ شبہ ہو (D) وہ جملہ جس میں غرضِ تشبیہ ہو

15. ''دیکھو میرا چاند آیا'' اس جملے میں مستعار لہٗ کیا ہے:
(A) چاند (B) بیٹا (C) دیکھو (D) آیا

16. غزل کے پہلے شعر کو کہتے ہیں:
(A) مطلع (B) مقطع (C) قافیہ (D) ردیف

17. مقطع کے لغوی معنی ہیں:
(A) طلوع ہونے کی جگہ (B) کاٹنے کی جگہ (C) نکلنے کی جگہ (D) غروب ہونے کی جگہ

18. قافیہ آتا ہے:
(A) ردیف سے پہلے (B) ردیف کے بعد (C) مصرعے کے درمیان (D) مصرعے کے شروع میں

19. اثر اس کو ذرا نہیں ہوتا رنج راحت فزا نہیں ہوتا اس شعر میں ردیف ہے:
(A) ذرا (B) نہیں ہوتا (C) فزا (D) راحت فزا

20. قافیہ کے لغوی معنی ہیں:
(A) سبقت لے جانے والا (B) پیچھے آنے والا (C) پسپا ہونے والا (D) آگے بڑھنے والا

Roll No.______________ اُمیدوار خود پُر کرے

(For all sessions)

Subject Code | 6 | 0 | 0 | 2

# اُردو لازمی (انشائیہ)

## گروپ-II

وقت: 2:30 گھنٹے

حصہ اوّل

نمبر: 80

2. (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+1+4+4

یہ مینہ کے قطرے مچل رہے ہیں، کہ ننھے سیارے ڈھل رہے ہیں
اُفق سے موتی اُبل رہے ہیں، گھٹائیں موتی لُٹا رہی ہیں
نہیں ہے کچھ فرق بحروبر میں، کھنچا ہے نقشہ یہی نظر میں
کہ ساری دنیا ہے اک سمندر، بہاریں جس میں نہا رہی ہیں

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+(3x3)

نہ جانا کہ دنیا سے جاتا ہے کوئی
بہت دیر کی، مہرباں آتے آتے
سُنانے کے قابل جو تھی بات ان کو
وہی رہ گئی، درمیاں آتے آتے
مرے آشیاں کے تو تھے چار تنکے
چمن اُڑ گیا، آندھیاں آتے آتے

حصہ دوم

3. سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 15=1+1+10+3

(الف) ایک عام خوش فہمی جس میں تعلیم یافتہ اصحاب بالعموم اور اردو شعراء بالخصوص عرصے سے مبتلا ہیں، یہ ہے کہ مرغ صرف صبح اذان دیتے ہیں اٹھارہ مہینے اپنی عادات و خصائل کا بغور مطالعہ کرنے کے بعد اس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ یا تو میں جان بوجھ کر عین اس وقت سوتا ہوں جو قدرت نے مرغ کے اذان دینے کیلئے مقرر کیا ہے یا یہ ادبدا کر اس وقت اذان دیتا ہے جب خدا کے گنہگار بندے خواب غفلت میں پڑے ہوں۔

(ب) نوجوان سیمنٹ کی بنچ پر بیٹھا اپنے سامنے گذرتے ہوئے زن و مرد کو غور سے دیکھ رہا تھا۔ اس کی نظر ان کے چہروں سے کہیں زیادہ ان کے لباس پر پڑتی تھی۔ ان میں ہر وضع اور ہر قماش کے لوگ تھے بڑے بڑے تاجر، سرکاری افسر، لیڈر، فنکار، کالجوں کے طلبہ اور طالبات، نرسیں، اخباروں کے نمائندے، دفتروں کے بابو زیادہ تر لوگ اوورکوٹ پہنے ہوئے تھے، ہر قسم کے اوورکوٹ، قراقلی کے بیش قیمت اوورکوٹ سے لے کر خاکی پٹی کے پرانے فوجی اوورکوٹ تک جنہیں نیلام میں خریدا گیا تھا۔

4. درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+9

اسوہ حسنہ ﷺ یا دوستی کا پھل۔

5. علامہ اقبال کی نظم "پیغام" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 05

6. دو دوستوں کے درمیان "سگریٹ نوشی کے نقصانات" کے موضوع پر مکالمہ لکھیے۔ یا اپنے کالج میں منعقدہ "سیرت النبیؐ" کی روداد تحریر کیجیے۔ 10

7. اپنے کالج کے پرنسپل صاحب / صاحبہ کے نام "دوبارہ داخلے" کی درخواست لکھیے۔ 10

8. درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے۔ 10=2+8

وہ جاہل تھے اور جہالت پر فخر کرتے تھے۔ ان کے ماضی کی تاریخ نہ ختم ہونے والی قبائلی جنگوں تک محدود تھی۔ اور ان کے سامنے ان جنگوں کا جاری رکھنے کے سوا کوئی مستقبل نہ تھا۔ جو ظلم کی طاقت نہیں رکھتے تھے۔ ظلم سہنے پر مجبور کر دیے جاتے تھے۔ لیکن جب اسلام آیا تو یہی لوگ ایک نئے دور کے مشعل بردار بن گئے۔ کارساز فطرت نے اپنی رحمت کی گھٹاؤں کے نزول کیلئے ایک بے آب و گیاہ صحرا منتخب کیا۔ عرب کے ظلمت کدے سے نور کا سیلاب نمودار ہوا اور مختلف قبائل و اقوام کو اپنی آغوش میں لیتا ہوا اطراف عالم پر چھا گیا۔ اسلام تپتے ہوئے صحرا میں ٹھنڈے اور میٹھے پانی کا ایک چشمہ تھا۔ اور خلق خدا اسی کی پیاسی تھی۔ دنیا جہالت کی تاریکیوں میں بھٹک رہی تھی اور اسلام ایک نئی صبح کا آفتاب تھا۔

☆

Roll No.________ اُمیدوار خود پُر کرے

(For all sessions)

| Paper Code | 6 | 0 | 2 | 1 |
|---|---|---|---|---|

# اُردو لازمی (معروضی)

## گروپ-I

وقت:30 منٹ

نمبر:20

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C,B,A اور D دیے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو C,B، A یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1-1. سفید بلی کو دیکھ کر نوجوان نے کہا۔

(A) گڈ ایوننگ (B) تھینک یُو (C) سوری (D) پُور لٹل سول

2. قمر کی بیوی کا نام تھا۔

(A) فرزانہ (B) رُکنزا (C) سکینہ (D) فرحت

3. نصاب میں موجود غالب کا دوسرا خط ہے:

(A) مرزا ادیب کے نام (B) مرزا تفتہ کے نام (C) مرزا مہدی کے نام (D) مرزا حامد کے نام

4. سفارش میں کوچوان کا نام تھا:

(A) قدوس (B) عدنان (C) خالد (D) فیکا

5. سرسید کو بھائی کی موت کا صدمہ نہ بھولا:

(A) دس برس بعد (B) بیس برس بعد (C) نو برس بعد (D) سترہ برس بعد

6. ''ابنِ مریم ہوا کرے کوئی'' مصرع میں خُوبی موجود ہے۔

(A) مطلع (B) مقطع (C) تلمیح (D) قافیہ

7. ارکانِ استعارہ کی تعداد ہے:

(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

8. ''مانند، کی طرح، جیسا'' یہ الفاظ ہیں:

(A) استعارہ (B) تشبیہ (C) حروفِ تشبیہ (D) ارکانِ استعارہ

9. ماں کہتی ہے میرا چاند آیا۔ اس جملے میں چاند ہے:

(A) تشبیہ (B) استعارہ (C) تلمیح (D) مطلع

10. تلمیح کس زبان کا لفظ ہے؟

(A) فارسی (B) اردو (C) عربی (D) ہندی

11. مقطع کے لُغوی معنی کیا ہیں؟

(A) طلوع ہونے کی جگہ (B) کاٹنے کی جگہ (C) درمیانی جگہ (D) آخری جگہ

12. ردیف سے پہلے آنے والے ہم آواز الفاظ کہلاتے ہیں:

(A) قافیہ (B) استعارہ (C) مقطع (D) مطلع

13. مطلع کہلاتا ہے:

(A) غزل کا پہلا شعر (B) درمیانہ شعر (C) آخری شعر (D) تمام اشعار

14. شعر میں ردیف کا کیا مقام ہے؟

(A) قافیہ کے بعد (B) قافیہ سے پہلے (C) غزل کے درمیان (D) غزل کے آخر میں

15. مقطع کس زبان کا لفظ ہے؟

(A) اردو (B) عربی (C) فارسی (D) ہندی

16. فروری ختم ______ مارچ آیا۔

(A) ہوئی (B) ہوا (C) ہوئے (D) ہوتے

17. نور کے پیٹ میں درد ہو ______

(A) رہا ہے (B) رہی ہے (C) رہے ہیں (D) رہی ہیں

18. مرض ______ جوں جوں دوا کی۔

(A) بڑھتی گئی (B) بڑھتا گیا (C) بڑھتے گئے (D) بڑھتی گئیں

19. کراچی سے تار ______

(A) آئے ہیں (B) آئی ہے (C) آیا ہے (D) آئی ہیں

20. میز خالی ______

(A) پڑا ہے (B) پڑی ہے (C) پڑے ہیں (D) پڑی ہیں

Roll No.______________ (امیدوار خود پُر کرے)

**(For all sessions)**

| Subject Code | 6 | 0 | 0 | 2 |
|---|---|---|---|---|

# اُردو لازمی (انشائیہ)

## گروپ-I

وقت: 2:30 گھنٹے

## حصہ اوّل

نمبر: 80

**2. (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔** 10=1+1+4+4

شعلہ بن کر پھونک دے خاشاک غیراللہ کو
خوفِ باطل کیا کہ ہے غارت گر باطل بھی تو

بے خبر! تو جوہرِ آئینۂ ایام ہے
تو زمانے میں خدا کا آخری پیغام ہے

**(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔** 10=1+(3x3)

تم مرے پاس ہوتے ہو گویا
جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا

حالِ دل یار کو لکھوں کیونکر
ہاتھ دل سے جدا نہیں ہوتا

چارۂ دل ، سوائے صبر نہیں
سو ، تمہارے سوا نہیں ہوتا

## حصہ دوم

**3. سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔** 15=1+1+10+3

(الف) ''یہاں آ کر ان کی جس قدر تذلیل ہوئی اس کو دیکھ کر اپنا اطمینان کا جھونپڑا جنت سے کم نہ تھا۔ انھوں نے اپنے کو طعن کی۔ ''تمہارے جیسے عزت کے ہوس مندوں کی یہی سزا ہے۔ اب تو آنکھیں کھلیں کہ تم کتنی عزت کے مستحق ہو۔ تم خود اس غرض مند دنیا میں کسی کے کام نہیں آ سکتے۔ وکیل تمھارا احترام کیوں کریں؟ تم ان کے مؤکل نہیں ہو سکتے۔ ڈاکٹر اور حکیم تمھاری طرف کیوں دیکھیں؟ انھیں بغیر فیس کے گھر آنے کی ضرورت نہیں۔ تم لکھنے کے لیئے بنے ہو۔ لکھتے جاو۔ اس دنیا میں تمھارا اور کوئی مصرف نہیں''۔

(ب) میرٹھ سے آ کر دیکھا یہاں بڑی شدت ہے اور یہ حالت ہے کہ گوروں کی پاسبانی پر قناعت نہیں ہے۔ لاہوری دروازے کا تھانے دار مونڈھا بچھا کر سڑک پر بیٹھتا ہے۔ جو باہر سے گورے کی آنکھ بچا کر آتا ہے، اس کو پکڑ کر حوالات میں بھیج دیتا ہے۔ حاکم کے ہاں سے پانچ پانچ بید لگتے ہیں یا دو روپے جرمانہ لیا جاتا ہے، آٹھ دن قید رہتا ہے۔ اس سے علاوہ سب تھانوں پر حکم ہے کہ دریافت کرو کون بے ٹکٹ مقیم ہے اور کون ٹکٹ رکھتا ہے۔ تھانوں میں نقشے مرتب ہونے لگے۔

**4. درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔** 10=1+9

سفارش یا اسوۂ حسنہ

**5. ماہر القادری کی نظم ''نعت'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔** 05

**6. دو دوستوں کے درمیان ٹریفک کے بڑھتے ہوئے مسائل کے موضوع پر مکالمہ لکھیے۔ یا اپنے کالج میں منعقدہ ''جلسہ تقسیم انعامات'' کی روداد تحریر کیجیے۔** 10

**7. پوسٹ ماسٹر کے نام ''پارسل گم شدگی کے لیے درخواست لکھیے۔** 10

**8. درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے۔** 10=2+8

جب دل میں کسی بڑے مقصد کی خواہش ہو مگر اس کے لیے صلاحیت نہ ہو تو ہم پریشان رہتے ہیں۔ سکون کے لیے ضروری ہے کہ یا تو خواہشیں کم کی جائیں یا صلاحیت بڑھائی جائے۔ ہر خواہش کی تکمیل کے لیے ایک عمل ہے۔ عمل نہ ہو تو خواہش محض خواب ہے۔ ہمیں جیسی زندگی کی طلب ہو ویسا عمل درکار ہے اور جیسی عاقبت چاہیئے ویسا عمل کرنا ہوگا۔ دنیا میں سربلندی محنت والوں کے لیے ہے اور آخرت میں سرفرازی نیکی والوں کے لیے۔

☆

Roll No.________________ اُمیدوار خود پُر کرے

(For all sessions)

| Paper Code | 6 | 0 | 2 | 2 |
|---|---|---|---|---|

# اُردو لازمی (معروضی) گروپ-II

وقت: 30 منٹ

نمبر: 20

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیئے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C, اور D دیے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A ،B،C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1-1. نصابی سبق ''اپنی مدد آپ'' کے مصنف کا نام ہے۔
(A) سید سلیمان ندوی (B) سر سید احمد خان (C) علامہ شبلی (D) علامہ محمد اقبالؒ

2. ابوالقاسم زہراوی کی مشہور تصنیف کا نام بتائیے۔
(A) القانون (B) التصریف (C) الشفاء (D) الناصر

3. فیکے کے والد کو وارڈ میں جگہ ملی۔
(A) بابو جی کی سفارش سے (B) فیکے کی اپنی کوششوں سے (C) خود بخود (D) ڈاکٹر کی کوشش سے

4. دیا سلائی کی روشنی میں اچھن کو باپ کا چہرہ نظر آیا۔
(A) افسردہ (B) اداس (C) وحشت زدہ (D) کمزور

5. پطرس بخاری کے مطابق لاہور کی مشہور پیداوار کون سی ہے؟
(A) گندم (B) چاول (C) طلبہ (D) آلو

6. استعارہ کا لفظی معنی ہے۔
(A) ادھار لینا (B) ادھار دینا (C) پروانہ (D) کی مانند

7. ''دلہن چاند کی طرح خوبصورت ہے'' حرف تشبیہ بتائیے۔
(A) دلہن (B) چاند (C) کی طرح (D) خوبصورت

8. تلمیح کہتے ہیں۔
(A) تاریخی واقعہ کی طرف اشارہ (B) غزل کو (C) کسی چیز کو دوسری سے ملانا (D) شاعر کی مراد

9. ''سماں الفقر فخری کا رہا شانِ امارت میں'' شعری خوبی بتائیں۔
(A) تشبیہ (B) استعارہ (C) تلمیح (D) مجاز مرسل

10. وہ شخص یا چیز جس کے لئے کوئی لفظ مستعار یا ادھار لیا جائے۔
(A) مستعار لہٗ (B) مشبہ (C) مشبہ بہ (D) تشبیہ

11. غزل یا قصیدے کا پہلا شعر ہوتا ہے۔
(A) مقطع (B) حسنِ مطلع (C) مطلع (D) تخلص

12. وہ الفاظ جو شعر کے آخر میں بار بار آئیں:
(A) قافیہ (B) ردیف (C) مقطع (D) لقب

13. ردیف سے پہلے آنے والے ہم وزن اور ہم آواز الفاظ ہیں۔
(A) قافیہ (B) ردیف ثانی (C) علمِ بیان (D) حرفِ کنایہ

14. گل کو ہوتا صبا قرار اے کاش ‏ رہتی ایک آدھ دن بہار اے کاش ؛ شعر میں ''اے کاش'' کیا ہے؟
(A) ردیف (B) قافیہ (C) متضاد الفاظ (D) مقطع

15. تھکیں جو پاؤں تو چل سر کے بل، نہ ٹھہر آتش ‏ گلِ مراد ہے منزل میں، خار راہ میں ہے ؛ اصطلاحِ شعر میں یہ شعر کیا ہے؟
(A) مطلع (B) مقطع (C) حسنِ مطلع (D) قافیہ

16. فروری ختم ------- مارچ آیا۔
(A) ہوا (B) ہوئی (C) ہے (D) ہوئے

17. مجھ پر کیچڑ --------
(A) اچھالی گئی (B) اچھالا گیا (C) گرایا گیا (D) پھینکا گیا

18. اسے رات بھر نیند نہ --------
(A) آیا (B) آئی (C) آئے (D) لیا

19. پیاز کس بھاؤ بک --------
(A) رہا ہے (B) رہی ہے (C) رہے ہیں (D) رہیں ہیں

20. قلم دوات یہاں ------
(A) پڑے ہیں (B) پڑی ہیں (C) پڑا ہے (D) پڑی ہے

Inter - (Part-I) -A-2016

**Roll No.**______________ اُمیدوار خود پُر کرے

**(For all sessions)**

| Subject Code | 6 | 0 | 0 | 2 |
|---|---|---|---|---|

# اُردو لازمی (انشائیہ)

## گروپ-II

وقت: 2:30 گھنٹے

## حصہ اوّل

نمبر: 80

**2. (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔** 10=1+1+4+4

ہلالی خنجر ، انگشتِ شہادت کا اشارہ ہے
یہ سیف اللہ کا پَرتَو ، فلک پر آشکارا ہے
ہلالِ خنجر قومی عطیہ ہے شہیدوں کا
جو خود قربان ہو کر ، بھر گئے دامن نویدوں کا

**(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔** 10=1+(3x3)

پیام بر نہ میسر ہوا تو خُوب ہوا
زبانِ غیر سے کیا شرحِ آرزو کرتے
مری طرح سے مہ و مہر بھی ہیں آوارہ
کسی حبیب کی ، یہ بھی ہیں جستجو کرتے
ہمیشہ میں نے گریباں کو چاک چاک کیا
تمام عمر رفوگر رہے ، رفو کرتے

## حصہ دوم

**3. سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔** 15=1+1+10+3

(الف) ایک نہایت عاجز و مسکین غریب آدمی جو اپنے ساتھیوں کو محنت اور پرہیزگاری اور بے لگاؤ ایمانداری کی نظیر دکھاتا ہے۔ اُس شخص کا اُس کے زمانہ میں اور آئندہ زمانے میں اُس کے ملک، اُس کی قوم کی بھلائی پر بہت بڑا اثر پیدا ہوتا ہے۔ کیونکہ اُس کی زندگی کا طریقہ اور چال چلن گو معلوم نہیں ہوتا مگر اور شخصوں کی زندگی میں خفیہ پھیل جاتا ہے۔ اور آئندہ کی نسل کے لیے ایک عمدہ نظیر بن جاتا ہے۔

(ب) دکان میں ہُن برس رہا تھا۔ مالک کے نام پر بینک میں سونے چاندی کے پہاڑ کھڑے ہو رہے تھے۔ تو اُسے کیا، وہی مثل کہ بی بی عید آئی۔ جواب ملا، دور موئی تجھے اپنی روٹی ٹکیا سے مطلب۔ اُسے تو جیسے اپنے دس روپوں کے سائے میں بٹھا دیا گیا تھا۔ جہاں ضروریات زندگی کی قیمتوں کا دائرہ روز بروز تنگ ہی ہوتا جا رہا تھا۔

**4. درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔** 10=1+9

سفارش یا دوستی کا پھل۔

**5. اختر شیرانی کی نظم "برسات" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔** 05

**6. دو طلباء کے درمیان "دہشت گردی ایک لعنت" کے موضوع پر مکالمہ لکھیے۔ یا اپنے کالج میں منعقدہ "نعتیہ مشاعرہ" کی روداد تحریر کیجیے۔** 10

**7. پرنسپل صاحب کے نام کریکٹر سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کی درخواست تحریر کیجیے۔** 10

**8. درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے۔** 10=2+8

ہمارے یہاں کوئی سو برس، اور مغرب میں اُس سے بھی طویل تر مدت سے یہ خیال رائج ہے کہ ادب کو تنقیدی اصولوں کی روشنی میں پڑھنا چاہیے اور تنقیدی اصول آفاقی ہوں تو اور بھی اچھا ہے۔ بات بہ ظاہر پتے کی ہے، کیوں کہ اگر تنقیدی اصول نہ ہوں گے تو ہمیں کیسے معلوم ہوگا کہ کون سا ادب پارہ اچھا ہے اور کیوں؟ اور کون سا ادب پارہ کم اچھا ہے اور کیوں؟ بلکہ خود یہ معاملہ بھی کہ کوئی تحریر ادب ہے کہ نہیں، تنقیدی اصولوں کے بغیر فیصل نہ ہو سکے گا۔

Roll No.______ اُمیدوار خود پُر کرے

(For all sessions)

| Paper Code | 6 | 0 | 2 | 1 |
|---|---|---|---|---|

# اُردو لازمی (معروضی)

## گروپ-I

وقت:30منٹ

نمبر:20

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اُس سوال نمبر کے سامنے جزو A ،C,B یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1-1. اس دنیا کی بنیاد ہے۔
(A) دولت پر (B) روحانیت پر (C) اختلافِ عمل پر (D) محنت پر

2. سرسید کو کھانے میں کیا پسند تھا؟
(A) گوشت (B) بریانی (C) دالیں (D) ترکاریاں

3. عبدالرحمٰن الناصر کس ملک کا حکمران تھا؟
(A) اردن (B) مصر (C) سپین (D) سوڈان

4. سبق ''اوور کوٹ'' کا اختتام کس چیز کے ذکر پر ہوا؟
(A) فیلٹ ہیٹ پر (B) بید کی چھڑی پر (C) گلوبند پر (D) رومال پر

5. ''مکتوباتِ اقبال کے حوالے سے علامہ اقبالؒ کیسا درد محسوس کرتے تھے؟
(A) دانت کا درد (B) سر کا درد (C) پسلی کا درد (D) پاؤں کا درد

6. ارکانِ تشبیہ کتنے ہیں؟
(A) دو (B) چار (C) پانچ (D) چھ

7. استعارہ کی بنیاد رکھی جاتی ہے۔
(A) حقیقت پر (B) مجاز پر (C) حقیقت اور مجاز پر (D) کسی پر بھی نہیں

8. ''آرہی ہے چاہِ یوسف سے صدا'' اس مصرع میں موجود ہے۔
(A) کنایہ (B) مجازِ مُرسل (C) تلمیح (D) استعارہ

9. استعارہ کس زبان کا لفظ ہے؟
(A) فارسی (B) عربی (C) اردو (D) ترکی

10. تلمیح استعمال ہوتی ہے۔
(A) نظم میں (B) نثر میں (C) نظم ونثر دونوں میں (D) کسی میں بھی نہیں

11. غیر مردف غزل ہوتی ہے۔
(A) جس میں قافیہ نہ ہو (B) جس میں مقطع نہ ہو (C) جس میں ردیف نہ ہو (D) جس میں استعارہ نہ ہو

12. مطلع کس زبان کا لفظ ہے؟
(A) اردو (B) عربی (C) فارسی (D) ترکی

13. مقطع میں شاعر استعمال کرتا ہے۔
(A) کنیت (B) عرف (C) تخلص (D) لقب

14. غزل میں ردیف نہ ہونے کی صورت میں قافیہ ہر دوسرے شعر کے ------ میں آتا ہے۔
(A) شروع اور آخر میں (B) درمیان میں (C) آخر میں (D) شروع میں

15. ''دوسرا کون ہے، جہاں تُو ہے ------ کون جانے تجھے، کہاں تُو ہے؟ اس شعر میں ''تُو ہے'' کیا ہے؟
(A) مطلع (B) مقطع (C) قافیہ (D) ردیف

16. کراچی سے تار------
(A) آئے ہیں (B) آئی ہے (C) آیا ہے (D) آئی ہیں

17. خاکروب نے جھاڑو نہیں ------
(A) دیئے (B) دیا (C) دیں (D) دی

18. ------ قلم نہایت قیمتی ہے۔
(A) میری (B) میرے (C) میرا (D) ہمارے

19. کان میں درد ہو------
(A) رہے ہیں (B) رہی ہے (C) رہی ہیں (D) رہا ہے

20. مرض ------ جوں جوں دوا کی۔
(A) بڑھتا گیا (B) بڑھتے گئے (C) بڑھتی گئیں (D) بڑھتی گئی

Inter - (Part-I) -A-2017 (2)

Roll No.________ اُمیدوار خود پُر کرے

**(For all sessions)**

# اُردو لازمی (انشائیہ) گروپ-I

وقت: 2:30 گھنٹے حصہ اوّل نمبر: 80

2. (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+1+4+4

نغمہ آزادی کا گونجے گا حرم اور دیر میں
وہ جو دارالحرب ہے ، دارالاماں ہو جائے گا
ہم کو سودا ہے غلامی کا ، کہ آزادی کی دُھن
چند ہی دن میں ، ہمارا امتحان ہو جائے گا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+(3x3)

ہوائے دورِ مئے خوش گوار ، راہ میں ہے
خزاں چمن سے جاتی ہے ، بہار راہ میں ہے
عدم کے کوچ کی لازم ہے فکر ، ہستی میں
نہ کوئی شہر ، نہ کوئی دیار ، راہ میں ہے
سفر ہے شرط ، مسافر نواز بہتیرے
ہزارہا شجر سایہ دار ، راہ میں ہے

حصہ دوم

3. سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 15=1+1+10+3

(الف) ایک نہایت عاجز و مسکین غریب آدمی جو اپنے ساتھیوں کو محنت اور پرہیزگاری اور بے لگاؤ ایمانداری کی نظیر دکھاتا ہے۔ اُس شخص کا اُس کے زمانہ میں اور آئندہ زمانے میں اُس کے ملک، اُس کی قوم کی بھلائی پر بہت بڑا اثر پیدا ہوتا ہے۔ کیونکہ اُس کی زندگی کا طریقہ اور چال چلن گو معلوم نہیں ہوتا مگر اور شخصوں کی زندگی میں خفیہ خفیہ پھیل جاتا ہے۔ اور آئندہ کی نسل کے لیے ایک عمدہ نظیر بن جاتا ہے۔

(ب) یوں گھر سے نکل کر وہ دکان داروں سے آنکھ بچا کر نکل جاتے تھے مگر آج وہ گردن اٹھائے ان کے سامنے سے جا رہے تھے۔ آج وہ ان کے تقاضوں کا دندان شکن جواب دینے کو تیار تھے مگر شام کا وقت تھا ہر ایک دکان پر خریداروں کا ہجوم تھا۔ کوئی ان کی طرف نہیں دیکھتا۔ جس رقم کو وہ بہت زیادہ سمجھتے تھے، وہ دکان داروں کی نگاہوں میں معمولی تھی۔ کم از کم ایسی نہ تھی جس کی خاطر وہ کسی کی عزت اتار کر رکھ دیں۔

4. درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+9

ابوالقاسم زہراوی یا سفارش

5. حفیظ جالندھری کی نظم "ہلال استقلال" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 05

6. استاد اور شاگرد کے درمیان تاریخ پاکستان کے موضوع پر ہونے والی گفتگو کو مکالمے کی صورت میں لکھیے۔ یا یومِ دفاع کے موقع پر کسی تقریب کی روداد لکھیے۔ 10

7. چیئرمین بورڈ کے نام حصولِ سند کی درخواست لکھیے۔ 10

8. درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے۔ 10=2+8

قدرتی وسائل کے بے تحاشا استعمال کے ساتھ ساتھ ماحولیاتی آلودگی میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، جو انسانی زندگی کے لیے ایک مستقل خطرہ ہے۔ اس میں فضائی، آبی اور زمینی آلودگی سب شامل ہیں۔ سائنسی تحقیق کے مطابق بڑھتی ہوئی ماحولیاتی آلودگی مستقبل کی ترقی میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔ بڑے شہروں میں فضائی آلودگی کے مسئلے کا حل ضروری ہے۔ اس کی اصل وجہ فضا میں مختلف قسم کی مہلک گیسوں کی زیادتی جو موٹر گاڑیوں اور کارخانوں کے دھوئیں کے باعث پیدا ہوتی ہیں۔ یوں مہلک بیماریاں بڑھ رہی ہیں۔

☆

Roll No.________________ اُمیدوار خود پُر کرے

**(For all sessions)**

| Paper Code | 6 | 0 | 2 | 2 |
|---|---|---|---|---|

# اُردو لازمی (معروضی) گروپ-II

**وقت:30 منٹ** **نمبر:20**

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، B، C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1-1. اُسوۂ حسنہ ﷺ کے حوالے سے بتائیے، کتاب سے کیا مراد ہے؟
(A) قرآن مجید (B) انجیل (C) زبور (D) تورات

2. دنیا کی معزز قوموں نے کس خوبی کی وجہ سے عزت پائی ہے؟
(A) دوسروں پر بھروسہ کے ذریعے (B) دولت کے ذریعے (C) لالچ کے ذریعے (D) اپنی مدد آپ کے ذریعے

3. افسانہ ''چراغ کی لَو'' کا مصنف کون ہے؟
(A) ہاجرہ مسرور (B) پریم چند (C) احمد ندیم قاسمی (D) غلام عباس

4. نواب مصطفیٰ خاں رہا ہو کر کس شہر میں قیام پذیر ہوئے؟
(A) دہلی (B) لکھنؤ (C) میرٹھ (D) بنارس

5. وسطی ایشیا کے حملہ آور کس راستے سے آتے ہیں؟ بحوالہ لاہور کا جغرافیہ۔
(A) پشاور (B) لاہور (C) کراچی (D) اسلام آباد

6. مقطع کی پہچان ہے۔
(A) پہلا شعر (B) تخلص اور آخری شعر (C) قافیہ (D) ردیف

7. اصطلاح میں کون سا شعر مطلع ہوتا ہے؟
(A) پہلا (B) دوسرا (C) آخری سے پہلا (D) آخری

8. نہ پوچھ عالمِ برگشتہ طالعی آتش برستی آگ جو باراں کی آرزو کرتے اس شعر کو غزل میں کہتے ہیں
(A) ردیف (B) تلمیح (C) مقطع (D) آخری شعر

9. قافیہ کے لیے شرط ہے۔
(A) ہم وزن ہونا (B) ہم ردیف ہونا (C) ہم معنی ہونا (D) مجازی معنی ہونا

10. ردیف غزل میں آتی ہے۔
(A) قافیہ کے بعد (B) شعر کے درمیان (C) ابتداء میں (D) غزل میں نہیں آتی

11. مشبہ اور مشبہ بہ کو علم بیان کی اصطلاح میں کہتے ہیں۔
(A) طرفین تشبیہ (B) وجہ تشبیہ (C) غرض تشبیہ (D) حرفِ تشبیہ

12. تشبیہ کی نشاندھی کیجیے۔
(A) میرا شیر آیا (B) آبِ حیات (C) چاند کی طرح خوبصورت (D) اگر ہنظر

13. استعارہ کے لغوی معنی ہیں۔
(A) ادھار لینا (B) اشارہ کرنا (C) کی طرح ہونا (D) ہم آواز الفاظ

14. تلمیح کہتے ہیں۔
(A) کسی ایک چیز کو دوسری چیز کی مانند قرار دینا (B) غزل کے آخری شعر کو
(C) غزل کے پہلے شعر کو (D) تاریخی واقعہ کی طرف اشارہ

15. ''یہ طارق کا، صلاح الدین کا، محمود کا پرچم'' میں طارق، صلاح الدین اور محمود ہیں۔
(A) تشبیہات (B) تلمیحات (C) استعارات (D) اضعات

16. میں نے آج کا اخبار نہیں --------
(A) پڑھا (B) پڑھی (C) پڑھے (D) پڑھیں

17. ڈاکٹر کے علاج سے قبض --------
(A) جاتا رہا (B) جاتے رہے (C) جاتی رہی (D) جاتیں رہی

18. نوکر نے جھاڑو نہیں --------
(A) دیا (B) دی (C) دیے (D) دیں

19. مرض --------- جوں جوں دوا کی۔
(A) بڑھتی گئی (B) بڑھتے گئے (C) بڑھتا گیا (D) بڑھ چکی

20. --------- قلم بہت قیمتی ہے۔
(A) میری (B) میرا (C) میرے (D) اپنی

Roll No.________________ اُمیدوار خود پُر کرے



(For all sessions)

# اُردو لازمی (انشائیہ) گروپ-II

وقت: 2:30 گھنٹے

نمبر: 80

حصہ اوّل

2. (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+1+4+4

تجھے آبا سے اپنے ، کوئی نسبت ہو نہیں سکتی
کہ تو گفتار ، وہ کردار ، تو ثابت وہ سیّارا
گنوا دی ہم نے ، جو اسلاف سے میراث پائی تھی
ثُریّا سے زمیں پر آسماں نے ہم کو دے مارا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+(3x3)

کِن نے اپنی مصیبتیں نہ گنیں
رکھتے میرے بھی غم شمار اے کاش
جان آخر تو جانے والی تھی
اس پہ کی ہوتی ، میں نثار اے کاش
اس میں راہِ سُخن نکلتی تھی
شعر ہوتا ترا شعار ، اے کاش

حصہ دوم

3. سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 15=1+1+10+3

(الف) لال لال تو وہ ہر وقت رہتی تھی اور اُس سے پانی بہتا رہتا تھا۔ آپ تو جانتے ہیں۔ آپ تو بابا کے ساتھ کئی بار تانگے پر بیٹھے ہیں۔ تو بابو جی کل کیا ہوا کہ بابا مصری شاہ میں گزرا تو ایک حکیم سرمہ بیچ رہا تھا۔ بابا یہ سرمہ لے آیا اور ہمیں بتایا کہ اس سے آنکھ کی لالی جاتی رہے گی۔ حکیم نے خدا رسولؐ کی قسم کھا کے کہا ہے اور یہ بھی کہا ہے کہ نہ جائے تو قیامت کے دن مجھے گردن سے پکڑنا۔ میں نے بھی کہہ دیا کہ حکیم خدا اور رسولؐ کو بیچ میں ڈال رہا ہے تو ذرا سا لگا لے۔

(ب) اب اس کو میری سادہ لوحی کہیے یا خلوصِ نیت کہ شروع شروع میں میرا خیال تھا کہ انسان محبت کا بھوکا ہے اور جانور اس واسطے پالتا ہے کہ اپنے مالک کو پہچانے اور اس کا حکم بجالائے۔ گھوڑا اپنے سوار کا آسن اور ہاتھی اپنے مہاوت کا آنکس پہچانتا ہے۔ کتا اپنے مالک کو دیکھتے ہی دُم ہلانے لگتا ہے جس سے مالک کو روحانی خوشی ہوتی ہے۔ سانپ بھی سپیرے سے ہل جاتا ہے لیکن مرغیاں؟ میں نے آج تک کوئی مرغی ایسی نہیں دیکھی جو کسی اور کو پہچانے اور جس کو اپنے پرائے کی تمیز ہو۔

4. درج ذیل میں سے کسی ایک نثری سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+9

ادیب کی عزت یا لاہور کا جغرافیہ

5. ماہر القادری کی نظم "نعت" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 05

6. گاہک اور دکاندار کے مابین بسلسلہ خریداری فرضی گفتگو کو مکالمے کی صورت میں لکھیے۔ یا کالج میں منعقد ہونے والے کسی مشاعرے کی روداد لکھیے۔ 10

7. موٹر سائیکل فروخت کی رسید لکھیے۔ 10

8. درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے۔ 10=2+8

کوئی گروہ یا جماعت، کوئی قوم یا ملک اس وقت تک دنیا میں آبرومندانہ زندگی بسر نہیں کر سکتا جب تک اس کے افراد کے مابین یکجہتی نہ ہو۔ کسی نصب العین کو انسان اس وقت تک حاصل نہیں کر سکتا جب تک اس کے تمام اعضاء متحد ہو کر اس کے کہنے کے مطابق عمل نہ کریں۔ اسی طرح قومی ترقی اور فلاح و بہبود اس وقت تک ایک خیالِ خام سے زیادہ وقعت نہیں رکھتے، جب تک اس قوم کے تمام افراد کے جسم میں ایک روح نہ دوڑ رہی ہو۔ اقبال نے اسی اجتماعی روح کے تصور کو اپنے ذہن میں رکھ کر متحد ہو کر زندگی بسر کرنے کو کہا ہے۔

☆☆☆

Roll No.______________ اُمیدوار خود پُر کرے | **(For all sessions)** | Paper Code 6 0 2 5

# اُردو لازمی (معروضی) گروپ-I

وقت:30 منٹ — نمبر:20

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیئے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A،B،C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، B، C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1-1. ارکان استعارہ کی تعداد کتنی ہے؟
(A) تین (B) دو (C) چار (D) ایک

2. آ رہی ہے چاہِ یوسف سے صدا — دوست یاں تھوڑے ہیں اور بھائی بہت۔ چاہِ یوسف ہے۔
(A) تشبیہ (B) استعارہ (C) تلمیح (D) کنایہ

3. تشبیہ کے لغوی معنی ہیں۔
(A) برابر قرار دینا (B) مانند قرار دینا (C) مخالف معنی میں استعمال کرنا (D) ہم معنی ہونا

4. بلی کی کھال ریشم کی طرح ملائم ہے۔اس میں ملائم ہے۔
(A) مشبہ (B) مشبہ بہ (C) وجہ تشبیہ (D) حرف تشبیہ

5. مرض۔۔۔۔۔۔۔جوں جوں دوا کی۔
(A) بڑھتے گئے (B) بڑھتی گئی (C) بڑھتا گیا (D) بڑھتی رہی

6. اس کنوئیں کا پانی۔۔۔۔۔۔ہے۔
(A) کھاری (B) کھارا (C) کھارو (D) کھارے

7. مجھے پانچ روپے۔۔۔۔۔زعفران دو۔
(A) کے (B) کی (C) کا (D) کو

8. دو روپے۔۔۔۔۔لونگ لے آؤ۔
(A) کی (B) کے (C) کا (D) کو

9. ہمیں لالچ نہیں۔۔۔۔۔۔چاہیے۔
(A) کرنا (B) کرنی (C) کرنے (D) رکھنی

10. کتاب سے کیا مراد ہے؟
(A) تحریر شدہ باتیں (B) بخاری شریف (C) قرآن مجید (D) سرمایہ اردو

11. اگر تم فاتح ہو تو کس پر نظر دوڑاؤ؟
(A) محمد بن قاسم (B) محمود غزنوی (C) صلاح الدین ایوبی (D) فاتح بدر و حنین

12. ابوالقاسم کس شہر میں پیدا ہوئے؟
(A) الزہرا (B) قرطبہ (C) مدینہ (D) دمشق

13. افسانہ سفارش کا مصنف کون ہے؟
(A) غلام عباس (B) پریم چند (C) احمد ندیم قاسمی (D) مشتاق یوسفی

14. لاہور تک پہنچنے کے کتنے راستے مشہور ہیں؟
(A) چھ (B) پانچ (C) تین (D) دو

15. غزل اور قصیدہ میں۔
(A) قافیہ ضروری نہیں (B) قافیہ ضروری ہے (C) قافیہ کا استعمال شاعر کی مرضی ہے (D) قافیہ صرف ایک بار آتا ہے

16. کوئی امید بر نہیں آتی۔ کوئی صورت نظر نہیں آتی۔ اس شعر میں ردیف ہے۔
(A) کوئی (B) اُمید بر (C) نہیں آتی (D) ردیف استعمال نہیں ہوئی

17. مطلع کے لغوی معنی ہیں۔
(A) آغاز کرنا (B) طلوع ہونے کی جگہ (C) اطلاع کرنا (D) ختم کرنا

18. مقطع کے لغوی معنی ہیں۔
(A) کاٹنے کی جگہ (B) طلوع ہونے کی جگہ (C) اطلاع کرنا (D) ختم کرنا

. قافیہ کے لغوی معنی ہیں۔
(A) آگے جانے والا (B) پیچھے چلنے والا (C) سبقت لے جانے والا (D) نکلنے کی جگہ

ہج کس زبان کا لفظ ہے؟
(A) فارسی (B) عربی (C) اردو (D) ہندی

Roll No.______________ امیدوار خود پُر کرے

**(For all sessions)**

# اُردو لازمی (انشائیہ)

## گروپ-I

وقت: 2:30 گھنٹے — حصہ اوّل — نمبر: 80

**2. (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔** 10=1+1+4+4

ان کواکب کے عوض ، ہوں گے نئے انجم طلوع
ان دنوں رخشندہ تر ، یہ آسماں ہو جائے گا
پھر نئے محمود ہوں گے حامیِ دینِ متیں
بچہ بچہ ، غیرتِ الپ ارسلاں ہو جائے گا

**(ب) درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔** 10=1+(3x3)

یہ جو دو آنکھیں ، مُند گئیں میری
اس پہ وا ہوتیں ، ایک بار اے کاش!
کن نے اپنی مصیبتیں نہ گنیں
رکھتے میرے بھی غم ، شمار اے کاش!
جان آخر تو جانے والی تھی
اس پہ کی ہوتی ، میں نثار اے کاش!

## حصہ دوم

**3. سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔** 15=1+1+10+3

(الف) سیر چشمی اور فراخ حوصلگی سرسید کے خاص اوصاف میں سے تھے۔ انھوں نے اپنی کمائی سے نہ کبھی مال جمع کرنے کا ارادہ کیا اور نہ اولاد کے لیے کوئی جائیداد خریدی بلکہ جو کچھ کمایا اس کو یا اپنی ضروری آسائش اور سچی عزت اور نیک نامی کے ذرائع میں صرف کیا یا کنبے کی خبر گیری، مستحقوں کی امداد، اولاد کی تعلیم، ملک اور قوم کی بھلائی اور مذہب کی حمایت میں اٹھایا۔ ابتدا سے ان کا یہ حال رہا کہ جس کام کی لہر ان کے دل میں اٹھی، اس پر روپیا صرف کرنے میں انھوں نے کبھی پس و پیش نہیں کیا۔

(ب) تم سچ کہتے ہو کہ بہت مسودے اصلاح کے واسطے فراہم ہوئے ہیں مگر یہ نہ سمجھنا کہ تمھارے ہی قصائد پڑے ہیں۔ نواب صاحب کی غزلیں بھی اسی طرح دھری ہوئی ہیں۔ برسات کا حال تمھیں بھی معلوم ہے اور یہ بھی تم جانتے ہو کہ میرا مکان گھر کا نہیں ہے، کرائے کی حویلی میں رہتا ہوں۔ جولائی سے مینہ شروع ہوا، شہر میں سیکڑوں مکان گرے اور مینہ کی نئی صورت دن رات میں دو چار بار برسے اور ہر بار اس زور سے کہ ندی نالے بہہ نکلیں۔ بالا خانے کا جو دالان میرے اٹھنے بیٹھنے، سونے جاگنے، جینے مرنے کا محل ہے اگرچہ گرا نہیں لیکن چھت چھلنی ہو گئی ہے۔ مالک مرمت کی طرف متوجہ نہیں۔ کشتیِ نوح میں تین مہینے رہنے کا اتفاق ہوا۔ اب نجات ہوئی ہے۔ نواب صاحب کی غزلیں اور تمھارے قصائد دیکھے جائیں گے۔

**4. درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔** 10=1+9

(i) اوورکوٹ (ii) اُسوۂ حسنہ

**5. میر انیس کی نظم ”میدانِ کربلا میں صبح کا منظر“ کا خلاصہ تحریر کیجیے۔** 05

**6. دو دوستوں کے درمیان بڑھتی ہوئی مہنگائی کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ یا کالج میں یومِ اقبال کی تقریب کی روداد تحریر کیجیے۔** 10

**7. چیئرمین بورڈ کے نام حصولِ سند کی درخواست لکھیے۔** 10

**8. درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے۔** 10=2+8

دراصل دنیا ایک عمل گاہ ہے جہاں انسان کا ایک ایک لمحہ قدرت کے زیرِ نظر ہے اور وہ دیکھتی رہتی ہے کہ انسان نے کیا سیکھا اور کیا فراموش کیا۔ انسان کی قدر صرف عمل کے حسن کی وجہ سے ہے۔ ہمیں چاہیے کہ اپنے قیمتی وقت کو ضائع نہ کریں بلکہ اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ مہلت میں سعی اور کوشش کر کے اپنی دنیا و آخرت سنواریں۔ جو انسان محنت کو اپنا نصب العین نہیں بناتا اور سعی و کوشش ترک کر کے تن آسانی کو اپنا شیوہ بنا لیتا ہے اور تیغ و سناں کو چھوڑ کر طاؤس و رباب کو اپنی زندگی بنا لیتا ہے اور ہر وقت بے مصرف رہتا ہے تو ایسا انسان شیطان کا آلہ کار بن جاتا ہے اور وہ کسی بھی طرح فتنوں کی یلغار کا مقابلہ نہیں کر پاتا۔

☆☆☆☆

Roll No.______________ اُمیدوار خود پُر کرے

(For all sessions)

| Paper Code | 6 | 0 | 2 | 8 |
|---|---|---|---|---|

# اُردو لازمی (معروضی) گروپ-II

وقت:30 منٹ نمبر:20

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، C,B یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1-1. ارکانِ تشبیہ کتنے ہیں؟
(A) تین (B) چار (C) پانچ (D) چھ

2. ''پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے'' اس مصرع میں ''کی سی'' کیا ہے؟
(A) مشبہ (B) مشبہ بہ (C) حرف تشبیہ (D) وجہ شبہ

3. وہ شے جس سے مستعار لیا جائے۔
(A) مستعار منہ (B) وجہ شبہ (C) مستعار لہٗ (D) مشبہ

4. مقطع کی بنیادی پہچان کیا ہے؟
(A) قافیہ (B) ردیف (C) تخلص (D) کنایہ

5. شعری اصطلاح میں مطلع غزل کا کون سا شعر ہوتا ہے؟
(A) پہلا (B) دوسرا (C) تیسرا (D) آخری

6. ''اثر اُس کو ذرا نہیں ہوتا۔ رنج راحت فزا نہیں ہوتا'' اس شعر میں قافیہ کیا ہے؟
(A) نہیں (B) نہیں ہوتا (C) ذرا،فزا (D) ذرا نہیں ہوتا

7. ''دوسرا کون ہے جہاں تُو ہے۔کون جانے کہاں تُو ہے'' اس شعر میں ردیف کیا ہے؟
(A) کون ہے (B) جہاں کہاں (C) جہاں (D) تُو ہے

8. مطلع کے لیے دونوں مصرعوں کے ہم قافیہ ہونے کے علاوہ کیا شرط لازم ہے؟
(A) دونوں مصرعے ہم ردیف (B) تخلص (C) ہم ردیف وہم قافیہ (D) غزل کا پہلا شعر ہو

9. روزنامہ ''جنگ'' کراچی سے شائع ----ہے۔
(A) ہوتی (B) ہوتے (C) ہوتا (D) ہوتیں

10. اس نے قلم دوات میز پر------
(A) رکھا (B) رکھی (C) رکھے (D) رکھیں

11. اکبر نے گھوڑا گاڑی------
(A) خریدے (B) خریدا (C) خریدی (D) خریدیں

12. میرے قلم------نب خراب ہے۔
(A) کی (B) کا (C) کے (D) کو

13. پانی میں جھاگ------
(A) اُٹھی (B) اُٹھے (C) اُٹھا (D) اُٹھیں

14. سرسید احمد خاں راست بازی کو کیا سمجھتے تھے؟
(A) خوش اخلاقی (B) اچھا کردار (C) دین وایمان (D) شرافت

15. اچھن کا باپ کیا کام کرتا تھا؟
(A) کلرک (B) منشی (C) معلم (D) تاجر

16. ابنِ انشا نے سبق میں کس داستان کا ذکر کیا ہے؟
(A) لوک داستان (B) داستانِ مجاہد (C) داستان امیر حمزہ (D) داستانِ آزادی

17. سُنت کے لغوی معنی ہیں۔
(A) راستہ (B) حضورؐ کا قول (C) حضورؐ کا فعل (D) پیروی

18. ''التصریف'' کتنے بڑے حصوں پر مشتمل ہے؟
(A) ایک (B) دو (C) تین (D) چار

19. کسی مشہور واقعہ کی طرف اشارہ کرنے کو کہتے ہیں۔
(A) استعارہ (B) تشبیہ (C) تلمیح (D) مجازِ مُرسل

20. استعارہ کس زبان کا لفظ ہے؟
(A) فارسی (B) عربی (C) اردو (D) ہندی

Inter - (Part-I) -A-2018

Roll No.__________ اُمیدوار خود پُر کرے

(For all sessions)

# اُردو لازمی (انشائیہ)

گروپ-II

وقت: 2:30 گھنٹے

حصہ اوّل

نمبر: 80

10=1+1+4+4

2. (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔

کبھی اے نوجواں مسلم ! تدبر بھی کیا تُو نے
وہ کیا گردوں تھا ، تو جس کا ہے اک ٹوٹا ہوا تارا؟
تجھے اُس قوم نے پالا ہے آغوشِ محبت میں
کچل ڈالا تھا جس نے پاؤں میں ، تاجِ سرِ دارا

10=1+(3x3)

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔

بھلاتا لاکھ ہوں لیکن برابر یاد آتے ہیں
الٰہی ترکِ اُلفت پر ، وہ کیوں کر یاد آتے ہیں
نہ چھیڑ اے ہم نشین ! کیفیتِ صہبا کے افسانے
شرابِ بے خودی کے ، مجھ کو ساغر یاد آتے ہیں
نہیں آتی تو یاد اُن کی مہینوں تک نہیں آتی
مگر جب یاد آتے ہیں ، تو اکثر یاد آتے ہیں

حصہ دوم

15=1+1+10+3

3. سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔

(الف) غرض تم جو کوئی بھی ہو اور کسی حال میں بھی ہو تمھاری زندگی کے لیے نمونہ، تمھاری سیرت کی درستی و اصلاح کے لیے سامان، تمھارے ظلمت خانہ کے لیے ہدایت کا چراغ اور رہنمائی کا نور محمد ﷺ کی جامعیت کبریٰ کے خزانے میں ہر وقت اور ہمہ دم مل سکتا ہے۔ اس لیے طبقۂ انسانی کے ہر طالب علم اور نورِ ایمانی کے ہر متلاشی کے لیے صرف رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت ہدایت کا نمونہ اور نجات کا ذریعہ ہے۔

(ب) یورپ میں ازمنۂ وسطیٰ سے لے کر اٹھارویں صدی تک کے تمام مغربی مصنف جنھوں نے سرجری پر کتابیں لکھی ہیں، ابوالقاسم زہراوی کی فنی قابلیت کے معترف ہیں اور جابجا اس کی کتاب سے حوالے دیتے ہیں۔ ان میں سے بعض نے تو صاف طور پر اس امر کا اظہار کیا ہے کہ فنِ جراحت میں زہراوی ایک استادِ کامل کی حیثیت رکھتا ہے اور اہلِ یورپ نے ابتداً سرجری میں جو کچھ حاصل کیا ہے وہ صرف زہراوی ہی کی بدولت ہے۔

10=1+9

4. درج ذیل میں سے کسی ایک نثری سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔

(i) اوور کوٹ (ii) دوستی کا پھل

05

5. اپنے نصاب میں شامل نظم "ایبسٹریکٹ آرٹ" کا خلاصہ لکھیے۔

10

6. دو طالب علموں کے درمیان وقت کی پابندی کے بارے میں مکالمہ تحریر کیجیے۔ یا ایک نعتیہ مشاعرے کی روداد تحریر کیجیے۔

10

7. کالج کے پرنسپل کے نام کریکٹر سرٹیفکیٹ کے حصول کے لیے درخواست لکھیے۔

10=2+8

8. درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے۔

حصولِ پاکستان کی جدوجہد کئی برسوں پر مشتمل ہے۔ اس جدوجہد میں ہمارے اجداد نے اپنا تن، من، دھن سب کچھ قربان کیا۔ نوجوانوں نے اپنے تازہ لہو سے اس تحریک کو جلا بخشی، ہزاروں لوگوں نے اپنی جان، مال اور عزت و آبرو تک کو قربان کیا۔ گھر بار کو چھوڑا، مال و دولت اور کاروبار کی پرواہ نہ کی۔ ان سب قربانیوں کی داستان طویل ہے۔ آج کی نسل اپنے اجداد کی انھی قربانیوں کا پھل کھا رہی ہے۔ جس نظریہ کے تحت یہ سب کچھ کیا گیا، افسوس کہ ہم نے وہ بھلا دیا۔ ہم نے اس سے منہ موڑ لیا اور اس فکر کو سمجھنے کی کوشش ہی نہیں کی جس کی بنا پر یہ ملک قائم ہوا۔

☆

Roll No.________________ اُمیدوار خود پُر کرے

**(For all sessions)**

| Paper Code | 6 | 0 | 2 | 1 |
|---|---|---|---|---|

# اُردُو لازمی (معروضی)

## گروپ-I

وقت:30 منٹ

نمبر:20

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C,B,A اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو C,B،A یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1-1. سنت سے کیا مراد ہے؟

(A) راستہ (B) حضورؐ کا قول (C) حضورؐ کا فعل (D) فرمان

2. اپنی مدد آپ ایک آزمودہ ہے۔

(A) خیال (B) نظریہ (C) مقولہ (D) تجربہ

3. سبق ''اوورکوٹ'' میں نوجوان نے بلی سے کیا کہا؟

(A) ہیلو (B) پُورلٹل سول (C) سوری (D) تھینک یو

4. ابوالقاسم زہراوی کے آباؤ اجداد کہاں کے رہنے والے تھے؟

(A) مصر (B) اندلس (C) عراق (D) شام

5. سبق ''اور گھر میں آنا مرغیوں کا'' کے حوالے سے مرغی کا صحیح مقام کیا ہے؟

(A) کھیت (B) گھر (C) غسل خانہ (D) پیٹ اور پلیٹ

6. مقطع کی بنیادی پہچان کیا ہے؟

(A) قافیہ (B) ردیف (C) تعلی (D) تخلص

7. وہ لفظ جو قصیدے، غزل یا غزل نما نظم میں بار بار دہرائے جائیں، کہلاتے ہیں۔

(A) قافیہ (B) ردیف (C) مطلع (D) مقطع

8. اثر اس کو ذرا نہیں ہوتا۔ رنج راحت فزا نہیں ہوتا اس شعر میں قافیہ ہے۔

(A) ذرا، فزا (B) نہیں (C) نہیں ہوتا (D) شعر میں قافیہ نہیں

9. ''مصرع'' کے لغوی معانی ہیں۔

(A) دروازہ (B) دروازے کا ایک پٹ (C) دروازے کے دونوں پٹ (D) کوئی جواب درست نہیں

10. غزل کے کس شعر میں تخلص ہو تو مقطع کہلاتا ہے؟

(A) پہلے (B) دوسرے (C) وسطی (D) آخری

11. تلمیح کی مثال کونسی ہے؟

(A) بلال شیر ہے (B) بلال شیر کی طرح بہادر ہے (C) بلال شاعر ہے (D) روحِ بلالی نہ رہی

12. استعارہ میں لفظ استعمال ہوتا ہے۔

(A) حقیقی معنوں میں (B) مجازی معنوں میں (C) لغوی معنوں میں (D) کوئی جواب درست نہ ہے

13. ہستی اپنی حباب کی سی ہے یہ نمائش سراب کی سی ہے۔ اس شعر میں کونسی اصطلاح استعمال ہوئی ہے۔

(A) تشبیہ (B) استعارہ (C) تلمیح (D) محاورہ

14. مشبہ اور مشبہ بہ کہلاتے ہیں۔

(A) وجہ شبہ (B) طرفین استعارہ (C) طرفین تشبیہ (D) حرف تشبیہ

15. ''وہ میرا چاند ہے'' اس میں کونسی اصطلاح استعمال ہوئی ہے؟

(A) محاورہ (B) تشبیہ (C) استعارہ (D) تلمیح

16. اس نے قلم میز پر-------

(A) رکھا (B) رکھی (C) رکھے (D) رکھیں

17. کیا یہ-------پتنگ ہے؟

(A) تمھارا (B) تمھاری (C) تمھارے (D) کوئی جواب درست نہیں

18. یہ گلاب-------قلم ہے۔

(A) کا (B) کی (C) کے (D) کو

19. یہ سبزہ-------ہے۔

(A) تازہ (B) تازی (C) تازے (D) تازوں

20. دس روپے-------دہی لاؤ۔

(A) کا (B) کی (C) کے (D) کو

**Roll No.**_______________ اُمیدوار خود پُر کرے

**(For all sessions)**

# اُردو لازمی (انشائیہ)

## گروپ-I

وقت: 2:30 گھنٹے — حصہ اوّل — نمبر: 80

**2.** (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+1+4+4

اشکوں سے ترے دین کی کھیتی ہوئی سیراب
فاقوں نے ترے ، دہر کو بخشا سروساماں
انسان کو شائستہ و خود دار بنایا
تہذیب و تمدن ، ترے شرمندۂ احساں

(ب) درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+(3x3)

خاطر سے یا لحاظ سے ، میں مان تو گیا
جھوٹی قسم سے ، آپ کا ایمان تو گیا
دل لے کے مفت کہتے ہیں کچھ کام کا نہیں
اُلٹی شکایتیں ہوئیں احسان تو گیا
ڈرتا ہوں دیکھ کر دلِ بے آرزو کو میں
سُنسان گھر یہ کیوں نہ ہو ، مہمان تو گیا

## حصہ دوم

**3.** سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 15=1+1+10+3

(الف) انسان کی اگلی پُشتوں کے حالات پر خیال کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ انسان کی موجودہ حالت انسانوں کے نسل در نسل کے کاموں سے حاصل ہوئی ہے۔ محنتی اور مستقل مزاج محنت کرنے والوں، زمین کے جوتنے والوں، کانوں کے کھودنے والوں، نئی نئی باتوں کے ایجاد کرنے والوں، مخفی باتوں کو ڈھونڈھ کر نکالنے والوں، آلاتِ جرِ ثقیل سے کام لینے والوں اور ہر قسم کا پیشہ کرنے والوں، ہنر مندوں، شاعروں، حکیموں، فیلسوفوں، مُلکی منتظموں نے انسان کو موجودہ ترقی کی حالت پر پہنچانے میں بڑی مدد دی ہے۔ ایک نسل نے دوسری نسل کی محنت پر عمارت بنائی ہے اور اس کو اعلیٰ درجے پر پہنچایا ہے۔

(ب) محنت اور جفاکشی کی قابلیت بھی سرسید کے خاص اوصاف میں سے تھی۔ قطع نظر اس کے کہ ابتداء سے ان کو کام کرنے کی عادت رہی۔ ان کے قویٰ میں فطرتاً مشکلات کے برداشت کرنے اور کسی کام سے ہمت نہ ہارنے کی لیاقت اور استعداد رکھی گئی تھی اور ظاہراً ان کی غیر معمولی ذہانت بھی ان کے دائمی غور و فکر اور دماغی محنت کا نتیجہ تھی کیونکہ بچپن میں جیسا کہ خود سرسید کے بیان سے معلوم ہوا ہے وہ باعتبار ذہانت وجودت کے اپنے ہم چشموں میں کچھ زیادہ امتیاز نہ رکھتے تھے مگر چونکہ انہوں نے اپنے تمام قویٰ سے جو خدا تعالیٰ نے اُن کے نفس میں ودیعت کیے تھے پورا پورا کام لیا تھا اور اس لیے اِن کے ذہن و حافظہ اور عقل سب کو جلا ہو گئی تھی۔

**4.** درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+9

(i). سرسید کے اخلاق و خصائل (ii). دوستی کا پھل

**5.** علامہ اقبالؒ کی نظم "پیغام" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 05

**6.** بڑھتی ہوئی رشوت ستانی کے بارے میں دو دوستوں کے درمیان مکالمہ تحریر کیجیے۔ یا کالج میں منعقدہ مشاعرے کی روداد تحریر کیجیے۔ 10

**7.** پوسٹ ماسٹر کے نام پارسل گم شدگی کی بابت درخواست تحریر کیجیے۔ 10

**8.** درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے۔ 10=2+8

گداگری قوم کے افراد کو اجتماعی طور پر بہت زیادہ نقصان پہنچاتی ہے۔ یہ افراد کے اندر غیرت وحمیت کو ختم کر دیتی ہے۔ مستعدی اور کام کرنے کی صلاحیت برباد کر دیتی ہے۔ قوموں کی ذہنی صلاحیتوں کو یکسر موقوف کر دیتی ہے۔ سستی، سہل انگاری اور دولت کی ہوس بڑھ جاتی ہے۔ اخلاقی اور نفسیاتی جرائم عام ہو جاتے ہیں۔ انسان گھٹیا اور ذلیل عادات کا غلام ہو جاتا ہے۔ انسانی رشتے اور اخلاقی اقدار پامال ہو جاتے ہیں۔ انسان، انسان کا دستِ نگر ہو جاتا ہے۔ اجتماعی طور پر معاشرہ غیروں کا محتاج ہو جاتا ہے۔ اس کے اندر عزت وغیرت ختم ہو جاتی ہے۔ انسان خالقِ حقیقی کو چھوڑ کر دوسروں کو اپنا سہارا اور رازق سمجھ بیٹھتا ہے اور اس طرح انسان اللہ تعالیٰ سے دُور ہوتا چلا جاتا ہے۔

☆

Roll No.______________ اُمیدوار خود پُر کرے

(For all sessions)

| Paper Code | 6 | 0 | 2 | 2 |
|---|---|---|---|---|

# اُردو لازمی (معروضی) گروپ-II

وقت:30 منٹ

نمبر:20

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، B، C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1-1. اس دنیا کی بنیاد ہے۔
(A) اختلاف عمل پر (B) ذاتی عمل پر (C) تعاون عمل پر (D) اجتماعی عمل پر

2. ایک شخص میں اپنی مدد کرنے کا جوش اس کی سچی
(A) تنزلی کی بنیاد ہے (B) شہرت کی بنیاد ہے (C) عزت کی بنیاد ہے (D) ترقی کی بنیاد ہے

3. قمر صاحب کے پاس روپے کہاں سے آنے والے تھے؟
(A) اخباروں سے (B) دکان داروں سے (C) رئیسوں سے (D) شاعروں سے

4. علامہ اقبالؒ کیسا درد محسوس کرتے تھے؟
(A) سر کا درد (B) پیٹ کا درد (C) پاؤں کا درد (D) پسلی کا درد

5. ''کیا واقعی دنیا گول ہے؟'' کے مصنف کا نام ہے۔
(A) پطرس بخاری (B) ابن انشاء (C) مشتاق احمد یوسفی (D) کرنل محمد خان

6. ارکانِ تشبیہ کتنے ہیں؟
(A) دو (B) چار (C) تین (D) پانچ

7. دلہن چاند کی طرح خوبصورت ہے۔ اس جملے میں چاند کیا ہے؟
(A) مشبہ (B) مشبہ بہ (C) حرفِ تشبیہ (D) غرضِ تشبیہ

8. آرہی ہے چاہِ یوسف سے صدا دوست یاں تھوڑے ہیں اور بھائی بہت اس شعر میں تلمیح ہے۔
(A) دوست (B) بھائی (C) چاہِ یوسف (D) صدا

9. لفظ استعارہ کا لغوی معنی ہے۔
(A) ادھار لینا (B) مراد لینا (C) قرار دینا (D) نکال دینا

10. تلمیح کس زبان کا لفظ ہے؟
(A) اردو (B) فارسی (C) عربی (D) ہندی

11. مطلع کے لغوی معانی ہیں۔
(A) آغاز (B) ابتدا (C) طلوع ہونے کی جگہ (D) نکلنے کا مقام

12. کچھ غلط بھی تو نہیں تھا مرا تنہا ہونا آتش و آب کا ممکن نہیں یکجا ہونا یہ شعر کیا ہے؟
(A) مطلع (B) حسنِ مطلع (C) مقطع (D) مطلع ثانی

13. مقطع کہا جاتا ہے۔
(A) ملنے کی جگہ کو (B) کاٹنے والے کو (C) ہم آواز لفظ کو (D) غزل کے آخری تخلص والے شعر کو

14. غزل میں قافیہ آتا ہے۔
(A) مقطع کے بعد (B) تشبیہ سے پہلے (C) ردیف سے پہلے (D) ردیف کے بعد

15. دین پر ہیں اُن کے گماں کیسے کیسے کلام آتے ہیں درمیاں کیسے کیسے ردیف کیا ہے؟
(A) گماں (B) درمیاں (C) کلام (D) کیسے کیسے

16. بارش کے بعد------گھاس دل خوش کن ہے۔
(A) ہرا ہرا (B) ہری ہری (C) صاف صاف (D) تازہ تازہ

17. ڈاکٹر نے زخم پر مرہم--------
(A) رکھی (B) لپیٹی (C) لگائی (D) لگایا

18. فروری گزر--------سردی ابھی باقی ہے۔
(A) گئی (B) گیا (C) گئے (D) گا

19. تم نے خلیل پر کیچڑ کیوں--------؟
(A) اُچھالا (B) اُچھالی (C) پھینکی (D) ڈالی

20. یہ ترازو کس نے--------
(A) توڑا (B) توڑی (C) توڑے (D) توڑیں

Roll No.________________ اُمیدوار خود پُر کرے

**(For all sessions)**

## اُردو لازمی (انشائیہ) گروپ-II

وقت: 2:30 گھنٹے — حصہ اوّل — نمبر: 80

**2. (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔** 10=1+1+4+4

تجھے آبا سے اپنے ، کوئی نسبت ہو نہیں سکتی
کہ تو گفتار ، وہ کردار ، تو ثابت ، وہ سیّارا
گنوا دی ہم نے ، جو اسلاف سے میراث پائی تھی
ثریّا سے زمیں پر آسماں نے ہم کو دے مارا

**(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔** 10=1+(3x3)

ایک نعمت بھی یہی ، ایک قیامت بھی یہی
روح کا جاگنا اور آنکھ کا ، بینا ہونا
جو برائی تھی مرے نام سے منسوب ہوئی
دوستو ! کتنا بُرا تھا مرا اچھا ہونا
قعرِ دریا میں بھی آنکلے گی ، سورج کی کرن
مجھ کو آتا نہیں محروم تمنا ہونا

### حصہ دوم

**3. سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔** 15=1+1+10+3

(الف) سر سید کو اس وجہ سے کہ وہ مسلمانوں کی دنیوی ترقی کے لیے کوشش کرتے تھے، امرا سے ملتے تھے، حاکمانِ وقت سے میل جول رکھتے تھے اور دنیاداروں کی سی زندگی بسر کرتے تھے، کہا جا سکتا تھا کہ وہ دنیادار ہیں لیکن ان کی حالت پر نظر کرنے سے بہ مشکل ان کو عُرفی معنوں میں دنیادار کہہ سکتے تھے۔

(ب) اب اس کو میری سادہ لوحی کہیے یا خلوصِ نیت کہ شروع شروع میں میرا خیال تھا کہ انسان محبت کا بھوکا ہے اور جانور اس واسطے پالتا ہے کہ اپنے مالک کو پہچانے اور اس کا حکم بجا لائے۔ گھوڑا اپنے سوار کا آسن اور ہاتھی اپنے مہاوت کا آنکس پہچانتا ہے۔ کتا اپنے مالک کو دیکھتے ہی دم ہلانے لگتا ہے جس سے مالک کو روحانی خوشی ہوتی ہے۔ سانپ بھی سپیرے سے مل جاتا ہے لیکن مرغیاں؟ میں نے آج تک کوئی مرغی ایسی نہیں دیکھی جو کسی اور کو پہچانے اور جس کو اپنے پرائے کی تمیز ہو۔

**4. درج ذیل میں سے کسی ایک نثری سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔** 10=1+9

(i) چراغ کی لو (ii) اپنی مدد آپ

**5. ماہر القادری کی نظم "نعت" کا خلاصہ لکھیے۔** 05

**6. ایک سبزی فروش اور گاہک کے درمیان مہنگائی کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ یا کالج میں عید میلاد النبی ﷺ کے جلسے کی روداد تحریر کیجیے۔** 10

**7. چیئرمین بورڈ کے نام حصولِ سند کی درخواست تحریر کیجیے۔** 10

**8. درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے۔** 10=2+8

کرنل محمد خان کی کتاب "بجنگ آمد" کو پڑھنا شروع کیا تو ختم کر کے ہی دم لیا۔ میری نظر سے اتنی دلچسپ کتابیں کم گذری ہیں۔ میں اس کتاب کو اردو کی بہترین مزاحیہ تصنیفات میں سے سمجھتا ہوں۔ میرے خیال میں کرنل محمد خان اس وقت ہمارے بہترین مزاحیہ ادیب ہیں۔ مجھے مشتاق احمد یوسفی اور محمد خان سب سے زیادہ پسند ہیں۔

☆☆☆

Roll No.______________ اُمیدوار خود پُر کرے

(For all sessions)

| Paper Code | 6 | 0 | 2 | 5 |
|---|---|---|---|---|

## اُردو لازمی (معروضی) گروپ-I

وقت: 30 منٹ — نمبر: 20

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C,B,A اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A ،C,B یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مار کر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1-1. غزل یا قصیدہ کا پہلا شعر ہوتا ہے:
(A) حسنِ مطلع (B) مقطع (C) مطلع (D) تخلص

2. قافیہ آتا ہے:
(A) ردیف کے بعد (B) ردیف سے پہلے (C) مصرع کے شروع میں (D) مصرع کے درمیان میں

3. ردیف اصطلاح ہے:
(A) سیاسی (B) نثری (C) افسانوی (D) شعری

4. اِس عبارت میں لفظوں ________ تکرار ہے۔
(A) کا (B) کے (C) کی (D) سے

5. بیس روپے ________ دہی لاؤ:
(A) کے (B) کا (C) کی (D) کیں

6. صابن سے میل اتر ________۔
(A) جاتا ہے (B) جاتی ہے (C) جاتے ہیں (D) جاتیتھی

7. کمرے میں قائدِ اعظم ________ فوٹو ہے۔
(A) کی (B) کیں (C) کا (D) کے

8. قلم ________ نب بدل لو۔
(A) کی (B) کے (C) کیں (D) کا

9. سرسید کو اپنے بھائی کی موت کا صدمہ نہیں بھولا:
(A) دس برس (B) بیس برس (C) پندرہ برس (D) پانچ برس

10. "تصریف" منقسم ہے:
(A) دو حصوں میں (B) چار حصوں میں (C) چھ حصوں میں (D) تین حصوں میں

11. حضرت قمر نے چائے کا پیالا تیار کیا:
(A) بیس دفعہ ابالی ہوئی (B) تیس دفعہ ابالی ہوئی (C) چالیس دفعہ ابالی ہوئی (D) پچاس دفعہ ابالی ہوئی

12. قالین فروش نے خوش پوش نوجوان کو قالین کی قیمت بتائی:
(A) چودہ سو تیس روپے (B) چودہ سو اکتیس روپے (C) چودہ سو بتیس روپے (D) چودہ سو اڑتیس روپے

13. اچھن کے لہجے میں آرزو تھی:
(A) اچھا کھانے کی (B) چراغ کی لو بڑھانے کی (C) شربت پینے کی (D) اچھے کپڑے پہننے کی

14. تشبیہ کے لغوی معنی ہیں:
(A) مانند قرار دینا (B) ہو بہو قرار دینا (C) الٹ قرار دینا (D) کچھ بھی قرار نہ دینا

15. جس چیز سے تشبیہ دی جائے ________ کہلاتا ہے:
(A) مشبہ (B) مشبہ بہ (C) غرضِ تشبیہ (D) وجہ شبہ

16. ارکانِ استعارہ کی تعداد ہے:
(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

17. آرہی ہے چاہِ یوسف سے صدا۔ اس مصرع میں چاہِ یوسف ________ ہے۔
(A) تشبیہ (B) استعارہ (C) کنایہ (D) تلمیح

18. تلمیح میں کسی ایسے واقعے کی طرف اشارہ ہوتا ہے جو:
(A) قرآنی ہو (B) نباتاتی ہو (C) سائنسی ہو (D) حسابی ہو

19. مقطع کے لغوی معنی ہیں:
(A) آخری جگہ (B) درمیانی جگہ (C) طلوع ہونے کی جگہ (D) کاٹنے کی جگہ

20. مقطع لفظ ہے:
(A) فارسی زبان کا (B) عربی زبان کا (C) اردو زبان کا (D) ہندی زبان کا

Roll No.______________ اُمیدوار خود پُر کرے

(For all sessions)

# اُردو لازمی (انشائیہ) گروپ-I

وقت: 2:30 گھنٹے | حصہ اوّل | نمبر: 80

2. (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+1+8

اشکوں سے ترے دین کی کھیتی ہوئی سیراب
فاقوں نے ترے، دہر کو بخشا سروساماں
انسان کو شائستہ و خوددار بنایا
تہذیب و تمدن، ترے شرمندۂ احسان

(ب) درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+3x3

بُھلاتا لاکھ ہوں لیکن برابر یاد آتے ہیں
الٰہی! ترکِ الفت پر وہ کیونکر یاد آتے ہیں
نہ چھیڑ اے ہم نشیں! کیفیت صہبا کے افسانے
شراب بے خودی کے مجھ کو ساغر یاد آتے ہیں
نہیں آتی تو یاد اُن کی مہینوں تک نہیں آتی
مگر جب یاد آتے ہیں تو اکثر یاد آتے ہیں

## حصہ دوم

3. سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 15=1+1+10+3

(الف) ظرافت اور خوش طبعی ان کی جبلّت میں داخل تھی مگر جس طرح ان کی اور باتوں میں بناوٹ نہ تھی اسی طرح ظرافت اور خوش طبعی میں مطلق تصنع نہ تھا۔ تحریر میں، تقریر میں، بات چیت میں جو لطیفہ یا شوخی ان کو سوجھ جاتی تھی اگرچہ کیسی ہی شرم وحجاب کی بات ہو ان سے ضبط نہ ہو سکتی تھی مگر ہر ایک امر کے بیان کرنے کا خدا نے ایسا سلیقہ دیا تھا کہ کوئی بات تہذیب کی حد سے متجاوز نہ ہونے پاتی تھی۔

(ب) جولائی سے مینہ شروع ہوا۔ شہر میں سینکڑوں مکان گرے اور مینہ کی نئی صورت، دن رات میں دو چار بار برسے اور ہر بار اس زور سے کہ ندی نالے بہہ نکلیں۔ بالا خانے کا جو دالان میرے اُٹھنے بیٹھنے، سونے جاگنے، جینے مرنے کا محل ہے، اگرچہ گرا نہیں لیکن چھت چھلنی ہوگئی۔ کہیں لگن، کہیں چلمچی، کہیں اُگالدان رکھ دیا۔ قلمدان، کتابیں اٹھا کر توشے خانے کی کوٹھڑی میں رکھ دیے۔ مالک مرمت کی طرف متوجہ نہیں۔ کشتیِ نوح میں تین مہینے رہنے کا اتفاق ہوا۔ اب نجات ہوئی ہے۔ نواب صاحب کی غزلیں اور تمھارے قصائد دیکھے جائیں گے۔

4. درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+9

(i). دوستی کا پھل (ii). چراغ کی لو

5. اختر شیرانی کی نظم "برسات" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 05

6. دو طلباء کے درمیان مہنگائی کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ یا کالج کی سالانہ کھیلوں کے آخری دن کی روداد تحریر کیجیے۔ 10

7. پرنسپل کے نام فیس معافی کے لیے درخواست تحریر کیجیے۔ 10

8. درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے۔ 10=2+8

کسی غیر زبان کو ذریعہ تعلیم بنانا حماقت کے سوا کچھ بھی نہیں۔ جاپان میں جاپانی، چین میں چینی، انگلستان میں انگریزی، فرانس میں فرانسیسی، جرمن میں جرمنی، غرض یہ کہ ہر ملک کے اندر وہی زبان ذریعہ تعلیم ہے جس کو سب با خوبی سمجھتے ہیں، سوائے پاکستان کے جہاں سب لوگ سمجھتے تو اردو ہیں لیکن یہاں ذریعہ تعلیم انگریزی ہے اور اسی وجہ سے ہمارا معیارِ تعلیم پست ہے۔ تعلیم اُسی زبان میں اچھی طرح دی جا سکتی ہے، جس کو طالب علم آسانی سے سمجھ سکیں جب کہ ہمارے یہاں تعلیم اُسی زبان میں دی جاتی ہے جس کو سمجھنے سمجھانے میں دس سال کا عرصہ لگ جاتا ہے۔ ہمارے زوال وپستی اور نالائقی کا واحد سبب یہی ہے کہ ہم نے اُردو کو ذریعہ تعلیم نہیں بنایا اور ہم اپنا قیمتی وقت علوم سیکھنے کے بجائے انگریزی سیکھنے میں ضائع کر دیتے ہیں۔

☆☆☆

Roll No.______________ اُمیدوار خود پُر کرے

(For all sessions)

| Paper Code | 6 | 0 | 2 | 6 |
|---|---|---|---|---|

# اُردو لازمی (معروضی) گروپ-II

وقت:30 منٹ نمبر:20

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیئے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A, B, C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، B، C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1-1. قافیہ کس زبان کا لفظ ہے؟
(A) عربی (B) فارسی (C) ہندی (D) عبرانی

2. قافیہ کس لفظ سے مشتق ہے؟
(A) قاف (B) قافی (C) قفو (D) قافیے

3. غزل کے ہم آواز اور ہم وزن الفاظ کو کہتے ہیں:
(A) ردیف (B) مطلع (C) مقطع (D) قافیہ

4. پولیس نے گشت ______۔
(A) کی (B) کیا (C) کیے (D) کیں

5. یہ موٹر ______ ہے۔
(A) نئی (B) نیا (C) نئے (D) نیو

6. یہ اردو ____ لغت ہے۔
(A) کا (B) کی (C) کے (D) کو

7. گھر کسی عورت ______ سلطنت ہے۔
(A) کا (B) کی (C) کے (D) کو

8. میرے سر میں درد ہو ________ ہے۔
(A) رہی (B) رہا (C) رہے (D) رہو

9. حضرت قمر کی بیوی کا نام تھا:
(A) رضیہ (B) رقیہ (C) سکینہ (D) مینا

10. نوجوان نے کس رنگ کا فلیٹ ہیٹ پہن رکھا تھا؟
(A) سرخ (B) سبز (C) سیاہ (D) نیلا

11. اچھن کا باپ دن اور رات میں ______ بیڑیاں پیتا تھا۔
(A) دو (B) چار (C) چھ (D) آٹھ

12. دہلی شہر میں گورے کی اجازت کے بغیر داخل ہونے والے کو ______ بید لگتے تھے۔
(A) دودو (B) چار چار (C) پانچ پانچ (D) دس دس

13. پنجاب کتنے دریاؤں کی سرزمین ہے؟
(A) تین (B) چھ (C) دس (D) پانچ

14. "____" تشبیہ ہے۔
(A) پھول جیسا بچہ (B) لاڈلا بچہ (C) پیارا بچہ (D) بگڑا بچہ

15. استعارہ کے ارکان کی تعداد ہے:
(A) دو (B) تین (C) پانچ (D) چھ

16. تلمیح کس زبان کا لفظ ہے؟
(A) عربی (B) فارسی (C) پنجابی (D) سندھی

17. "کس شیر کی آمد ہے کہ رن کانپ رہا ہے" یہ مثال ہے:
(A) تشبیہ (B) استعارہ (C) تلمیح (D) کنایہ

18. استعارہ کس عربی لفظ سے مشتق ہے؟
(A) استعار (B) اتعار (C) مستعار (D) مستعارہ

19. غزل یا قصیدے کے جس شعر میں شاعر تخلص استعمال کرتا ہے ______ کہلاتا ہے:
(A) مطلع (B) مطلع ثانی (C) مقطع (D) ردیف

20. مطلع بالعموم غزل یا قصیدے کا کون سا شعر ہوتا ہے؟
(A) پہلا (B) دوسرا (C) تیسرا (D) آخری

Roll No.______________ اُمیدوار خود پُر کرے

(For all sessions)

## اُردو لازمی (انشائیہ) گروپ-II

وقت: 2:30 گھنٹے — حصہ اوّل — نمبر: 80

2. (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+1+4+4

تُو مقصد تخلیق ہے، تُو حاصل ایماں
جو تجھ سے گریزاں، وہ خدا سے ہے گریزاں
کردار کا یہ حال، صداقت ہی صداقت
اخلاق کا یہ رنگ کہ قرآن ہی قرآن

(ب) درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+3x3

تم ہمارے کسی طرح نہ ہوئے
ورنہ دنیا میں کیا نہیں ہوتا
تم میرے پاس ہوتے ہو گویا
جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا
حالِ دل یار کو لکھوں کیوں کر
ہاتھ دل سے جدا نہیں ہوتا

حصہ دوم

3. سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 15=1+1+10+3

(الف) ''یہ دنیا انسانی مزاجوں اور انسانی صلاحیتوں اور استعدادوں کے اختلاف کا نام ہے تو یقین کرو کہ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جامع شخصیت کے سوا اس کا کوئی آخری اور دائمی اور عالم گیر راہنما نہیں ہو سکتا۔ اس لیے اعلان فرمایا کہ: "اگر تمھیں خدا کی محبت کا دعویٰ ہے تو آؤ میری پیروی کرو، اللہ بھی تم سے محبت کرے گا''۔

(ب) ''آنسوؤں سے بھیگا ہوا، بچوں کی طرح گول گول سرخ چہرہ لیے فریکا اٹھا اور بولا: "بابو جی! کچھ سمجھ میں نہیں آتا۔ میں شکریہ ادا کروں تو کیسے کروں"۔ میرا بابا ٹھیک ہو گیا ہے۔ اس کی دونوں آنکھیں ٹھیک ہو گئی ہیں۔ اُسے بینائی اللہ نے دی ہے اور آپ نے دی ہے۔ آپ نے مجھے خرید لیا ہے بابو جی! قسم خدا کی میں عمر بھر آپ کا نوکر رہوں گا''۔

4. درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+9

(i). اپنی مدد آپ (ii). دوستی کا پھل

5. مولانا ظفر علی خان کی نظم ''مستقبل کی جھلک'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 05

6. دو طلبا کے درمیان " کورونا وبا کی حفاظتی تدابیر " کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ یا کالج میں منعقدہ سالانہ تقریبِ تقسیمِ انعامات کی روداد تحریر کیجیے۔ 10

7. پرنسپل کے نام عمرہ کی ادائی کی رخصت کے لیے درخواست تحریر کیجیے۔ 10

8. درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے۔ 10=2+8

اقبال مسلمان کو خودی کی تعلیم دیتے ہیں، خودی ان کے کلام میں ایک اہم اصطلاح ہے خودی انسان کی ذات اور شخصیت کو کہتے ہیں۔ انسان اپنی ذات کو پہچانے، اپنی حقیقت تک پہنچے، اپنے اور خدا کے تعلق کو سمجھے۔ اگر وہ خود کو سمجھ گیا تو خدا کا سراغ پا لینا مشکل نہیں ہے۔ اقبال مسلمان میں خودی کو بیدار کرنا چاہتے ہیں۔ عجز، کمزوری اور بزدلی کو دور کر کے انسان کو اس کے اصل مقام سے آشنا کرانا چاہتے ہیں اور ایسے ہی مسلمان کو جس کی خودی بیدار ہو گئی ہو، اسے مردِ مومن کہتے ہیں۔